# قواعد وضوابط برائے تدفین

## پنجاب یونیورسٹی نیو کیمپس لاہور

۱۔ سنڈیکیٹ (Syndicate) کے فیصلہ کے مطابق پنجاب یونیورسٹی نیو کیمپس قبرستان میں صرف یونیورسٹی کے کل وقتی حاضر سروس یا ریٹائرڈ اساتذہ کرام/ملازمین اور ان کی فیملی (Family) کے افراد کی تدفین کی اجازت ہوگی۔
یونیورسٹی کیلنڈر کے مطابق فیملی کا مطلب بیوی/شوہر، والدین اور 25 سال سے کم عمر زیر کفالت بیٹے، بیٹیاں اور سوتیلی اولاد ہیں۔ مذکورہ قریبی رشتہ داروں کے علاوہ کوئی دوسرا رشتہ دار مثلاً ملازم کے بھائی، بہنیں، ساس، سسر وغیرہ یونیورسٹی قبرستان میں تدفین کے اہل نہیں ہیں اگرچہ یہ رشتہ دار ملازم کے ساتھ رہائش پذیر ہوں۔

۲۔ شاہ دی کھوئی کے افراد کے لئے قبرستان میں مختص کردہ حصہ میں تدفین کے لئے شناختی کارڈ کی شرط لازمی ہے اور شاہ دی کھوئی کا شناختی کارڈ نہ ہونے کی صورت میں تدفین کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

۳۔ تدفین سے پہلے قبرستان انتظامیہ (شعبہ مساجد) سے باقاعدہ تحریری اجازت حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

۴۔ لواحقین کی طرف سے معلومات کی فراہمی میں غلط بیانی یا دھوکہ دہی کی صورت میں اس فیملی کو آئندہ یونیورسٹی قبرستان میں تدفین کی سہولت سے محروم کر دیا جائے گا۔

۵۔ قبر کی جگہ کا تعین انتظامیہ خود کرے گی اور قبر کچی رکھنے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

۶۔ پختہ قبر بنانے اور کتبہ لگانے کی اجازت باقاعدہ شعبہ مساجد سے حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

۷۔ قبر کے لئے مختص جگہ آٹھ فٹ لمبی اور پانچ فٹ چوڑی ہوگی۔ اس سے زائد جگہ شامل کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۸۔ تمام قبریں ترتیب سے قبلہ رخ بنائی جائیں گی۔ لائن اور لین کی پابندی لازمی ہوگی۔

۹۔ پختہ قبر اور اس کے کتبہ کی تفصیلات درج ذیل ہیں۔ ان کی پابندی لازمی ہوگی اور ان میں کسی قسم کی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

(i) پختہ قبر چھ فٹ نو انچ لمبی، تین فٹ چھ انچ چوڑی اور ایک فٹ اونچی ہوگی۔

(ii) درمیان کا حصہ کچا رکھا جائے گا جس کی لمبائی چار فٹ سات انچ، چوڑائی ایک فٹ چھ انچ اور اونچائی تین انچ ہوگی۔

(iii) قبر کے کتبہ کی اونچائی اڑھائی فٹ ہوگی جس کی چوڑائی بنیاد سے آٹھ انچ اور اوپر سے پانچ انچ ہوگی۔

(iv) دو قبروں کے درمیان شمالاً جنوباً فاصلہ ایک فٹ تین انچ جبکہ شرقاً غرباً فاصلہ ایک فٹ چھ انچ ہوگا۔

(v) قبر پختہ بنوانے کا بندوبست لواحقین کے ذمہ ہوگا۔

(vi) یونیورسٹی کا اجازت یافتہ کوئی راج/مستری یا ٹھیکیدار نہیں ہے۔

۱۰۔ پختہ اور کچی دونوں قسم کی قبروں کا کتبہ ایک ہی سائز میں ہوگا۔

۱۱۔ کچی قبر کے کتبہ کے نیچے سپورٹ (Support) کی لمبائی دو فٹ اور اونچائی ایک فٹ ہوگی۔

۱۲۔ یونیورسٹی کے منظور شدہ ڈیزائن کے علاوہ کسی بھی طرح کی تعمیر شدہ قبر کو یونیورسٹی انتظامیہ کی طرف سے مسمار کر دیا جائے گا۔

۱۳۔ قبر کے اوپر کسی بھی طرح کا شیڈ یا جنگلہ وغیرہ بنانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۱۴۔ قبرستان میں کسی کے لئے بھی کوئی جگہ قبل از وقت مختص نہیں کی جائے گی۔

۱۵۔ تدفین کے لئے سیمنٹ کی سلیب اور مزدور وغیرہ کی اجرت پانچ ہزار روپے ہوگی۔

۱۶۔ قبرستان میں کسی قسم کی سرگرمی کی اجازت نہیں ہوگی۔

۱۷۔ کسی بھی شکایت کی صورت میں قبرستان کے ملازمین سے الجھنے کی بجائے انتظامیہ (شعبہ مساجد) کو مطلع کیا جائے تاہم ہنگامی صورت حال میں اقامتی آفیسر اول یا اقامتی آفیسر دوم سے بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

(پروفیسر ڈاکٹر محمد حماد لکھوی)

چیئرمین، مسجد کمیٹی، شعبہ مساجد

**UNIVERSITY OF THE PUNJAB**

Copy of the above is forwarded to all the Deans of Faculties, Directors of Institutes / Centres / Principals of the Constituent Colleges / Chairmen of Teaching / Non-teaching Departments and Heads of Administrative Departments for information.

No. 434 /Est.II

Dated: 24-1- /2020

**AHMAD ISLAM**
*DEPUTY REGISTRAR (ADMIN-II)*
FOR REGISTRAR